وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، علاقائی دفتر، ڈیرہ اسماعیل خان

Press Release

سابق قبائلی علاقوں میں بھی وفاقی محتسب کے دو نئے دفاتر نے کام شروع کر دیا

2022ء میں بجٹ اور افرادی قوت میں اضافے کے بغیر پچاس فیصد زیادہ شکایات نمٹائی گئیں۔اعجاز احمد قریشی

ڈیرہ اسماعیل خان (   ) وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ نے اپنا دائرہ کار سابق قبائلی علاقہ جات تک بڑھاتے ہوئے دو نئے دفاتر صدہ ضلع کرم اور وانا (جنوبی وزیرستان) میں بھی قائم کر دیئے ہیں کیونکہ یہ علاقے خصوصی توجہ کے متقاضی ہیں اور انہیں کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جانا چاہئے۔ وفاقی محتسب کے ذریعے شکایات نمٹانے پر اخراجات نہ ہونے کے برابر ہیں، افرادی قوت بڑھائے اور اضافی بجٹ حاصل کئے بغیر سال 2022ء میں 49 فیصد زیادہ شکایات نمٹائیں۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ نے اس سال ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات نمٹا کر اپنی کارکردگی میں خاطر خواہ اضافہ کیا ہے۔ 91,496 شکایات آن لائن موصول ہوئیں جو کہ پچھلے سال کے مقابلے میں 95 فیصد زیادہ ہیں۔ وفاقی محتسب پر عوام کے اعتماد کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ سال 2022ء کے دوران تین ارب روپے سے زائد مالیت کی شکایات کے لئے وفاقی محتسب سے رجوع کیا گیا بصورت دیگر ان تنازعات کا بوجھ بھی عام عدالتوں پر پڑتا تھا۔ یہ باتیں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے دورہ ڈیرہ اسماعیل خان کے دوران مختلف اداروں کے سربراہان، علاقہ کے معززین اور میڈیا کے ساتھ بات چیت کے دوران بتائیں۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ سال 2022ء کے دوران شکایات کی سماعت آن لائن کرنے سے شکایت کنندگان کے وقت اور پیسے کی بچت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے 17 علاقائی دفاتر کے افسران نے 68 کھلی کچہریوں، مختلف سرکاری دفاتر کے 27 دوروں اور او سی آر شکایات کے ذریعے عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کیا اور اپنی کارکردگی میں سو فیصد اضافہ کیا۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ صدہ اور وانا میں دفاتر کے قیام سے علاقہ کے عوام کو ان کے گھر کے قریب انصاف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں پہلے ہی پشاور، ڈیرہ اسماعیل خان، سوات اور ایبٹ آباد میں چار علاقائی دفاتر کام کر رہے ہیں جب کہ دو نئے دفاتر کھلنے سے اور زیادہ لوگوں کو اپنے مسائل کے حل کے لئے سہولیات میسر آئیں گی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

17 جنوری 2023ء

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

سابق قبائلی علاقوں میں بھی وفاقی محتسب کے دو نئے دفاتر نے کام شروع کر دیا

2022ء میں بجٹ اور افرادی قوت میں اضافے کے بغیر پچاس فیصد زیادہ شکایات نمٹائی گئیں۔اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ نے اپنا دائرہ کار سابق قبائلی علاقہ جات تک بڑھاتے ہوئے دو نئے دفاتر صدہ ضلع کرم اور وانا (جنوبی وزیرستان) میں بھی قائم کر دیئے ہیں کیونکہ یہ علاقے خصوصی توجہ کے متقاضی ہیں اور انہیں کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیئے۔ وفاقی محتسب کے ذریعے شکایات نمٹانے پر اخراجات نہ ہونے کے برابر ہیں، افرادی قوت بڑھائے اور اضافی بجٹ حاصل کئے بغیر سال 2022ء میں 49 فیصد زیادہ شکایات نمٹائیں۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ نے اس سال ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات نمٹا کر اپنی کارکردگی میں خاطر خواہ اضافہ کیا ہے۔91,496 شکایات آن لائن موصول ہوئیں جو کہ پچھلے سال کے مقابلے میں 95 فیصد زیادہ ہیں۔ وفاقی محتسب پر عوام کے اعتماد کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ سال 2022ء کے دوران تین ارب روپے سے زائد مالیت کی شکایات کے لئے وفاقی محتسب سے رجوع کیا گیا بصورت دیگر ان تنازعات کا بوجھ بھی عام عدالتوں پر پڑتا تھا۔ یہ باتیں وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے دورہ ڈیرہ اسماعیل خان کے دوران مختلف اداروں کے سربراہان، علاقہ کے معززین اور میڈیا کے ساتھ بات چیت کے دوران بتائیں۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ سال 2022ء کے دوران شکایات کی سماعت آن لائن کرنے سے شکایت کنندگان کے وقت اور پیسے کی بچت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے 17 علاقائی دفاتر کے افسران نے 68 کھلی کچہریوں، مختلف سرکاری دفاتر کے 27 دوروں اور OIR شکایات کے ذریعے عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کیا اور اپنی کارکردگی میں سو فیصد اضافہ کیا۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ صدہ اور وانا میں دفاتر کے قیام سے علاقہ کے عوام کو ان کے گھر کے قریب انصاف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں پہلے ہی پشاور، ڈیرہ اسماعیل خان، سوات اور ایبٹ آباد میں چار علاقائی دفاتر کام کر رہے ہیں جب کہ دو نئے دفاتر کھلنے سے اور زیادہ لوگوں کو اپنے مسائل کے حل کے لئے سہولیات میسر آئیں گی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

17 جنوری 2023ء